گرائنڈر کا استعمال

پہلے

گرائنڈر کو اگر بغیر حفاظتی گارڈ کے استعمال کیا جائے تو جان لیوا حادثات کا باعث بن سکتے ہیں۔

گرائنڈر کا استعمال

اب

گرائنڈر پر حفاظتی گارڈ لگائیں یہ آپ کی جان بچا سکتے ہیں۔

بیٹھنے کا انداز

پہلے

گرائنڈروں پر کام کرتے وقت زمین پر بیٹھنے سے کمر درد اور پٹھوں کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔

بیٹھنے کا انداز

اب

گرائنڈر چلاتے وقت بیٹھنے کے لیے مناسب بنچ استعمال کریں تاکہ آپ پٹھوں اور جوڑوں کے مسائل سے محفوظ رہیں۔

بیٹھنے کا انداز

پہلے

نیچے بیٹھ کر کام کرنے سے پٹھوں اور جوڑوں کی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔

بیٹھنے کا انداز

اب

رگڑائی کے کام کیلئے مناسب بنچ اور ٹیبل استعمال کریں۔اس سے آپ دردوں اور جوڑوں کے مسائل سے بچے رہتے ہیں۔

کام کے دوران کا لباس

پہلے

کام کے دوران ڈھیلا ڈھالا لباس مشینوں میں پھنس سکتا ہے۔

کام کے دوران کا لباس

اب

مناسب لباس پہن کر بہت سے حادثات اور زخموں سے بچا جا سکتا ہے۔ کام کے لباس کو صاف ستھرا رکھیں اور اسے گھر پر نہ پہنیں۔

کام کے دوران کا لباس

پہلے

حفاظتی لباس اور سامان کے بغیر کیمیکلوں سے کام آپ کو حادثات کا شکار کر سکتا ہے۔

کام کے دوران کا لباس

اب

خطرناک کیمیکلوں کے ساتھ کام کے دوران اپنی حفاظت کریں۔

فرش پر جمع ہونے والی گرد

پہلے

گرائنڈنگ کے عمل کے دوران بہت زیادہ دھاتی گرد پیدا ہوتی ہے جو کہ خطرناک بیماریوں کا باعث بنتی ہے اور ڈھیلا ڈھالا لباس مشینوں میں پھنس کر خطرناک حادثات کا باعث بن سکتا ہے۔

فرش پر جمع ہونے والی گرد

اب

اگر کام کی جگہ پر چٹائی (Matt) بچھا ہو تو صفائی کرنے میں آسانی رہتی ہے اور صاف ستھرا ماحول صحت کے لیے بہت ضروری ہے

اوزار رکھنے کا طریقہ

غلط

تمام اشیاء اور اوزار اگر بے ترتیب ہوں گے تو کام کی رفتار کا حرج ہو گا اور آپ پر زیادہ دباؤ ہوگا مزید برآں حادثات بھی ہو سکتے ہیں۔

اوزار رکھنے کا طریقہ

صحیح

اگر اوزار اور اشیاء ترتیب سے رکھے ہوں تو ان تک رسائی آسان ہو جائے گی اور کام کی رفتار بہتر ہو گی اور آپ کو کم جھکنا اور مڑنا پڑے گا۔

کام کے دوران ٹرے کا استعمال

پہلے

بے ترتیب اشیاء اور تیار مال کام میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے اور زخموں کا باعث بن سکتا ہے۔

کام کے دوران ٹرے کا استعمال

اب

خام اور تیار مال رکھنے کیلئے ٹرے استعمال کریں۔

گندگی اور صفائی

پہلے

سرجیکل آلات کی تیاری کے دوران بہت زیادہ دھاتی گرد پیدا ہوتی ہے جو کہ اڑ کر سانس کے راستے جسم میں داخل ہو کر خطرناک بیماریوں کا باعث بنتی ہے۔ علاوہ ازیں اشیاء کے بے ترتیب پڑے ہونے کی وجہ سے ٹھوکر لگنے اور حادثات کا احتمال رہتا ہے۔

گندگی اور صفائی

اب

کام کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے سے آپ بہت سی بیماریوں سے بچ سکتے ہیں۔ نیچے چٹائی بچھا کر اسے بار بار صاف رکھ کر گرد سے بچا جا سکتا ہے۔ تمام اوزاروں کو ترتیب سے رکھ کر ٹھوکروں اور حادثات سے بچا جا سکتا ہے۔

پہلے

مشینوں کا شور آپ کو آہستہ آہستہ بہرا کر سکتا ہے۔

اب

شور سے بچاؤ کے لیے کانوں کے حفاظتی آلات استعمال کریں۔

پہلے

کام کے دوران فرش پر جمع ہونے والی گرد اڑتی رہتی ہے جو سانس اور جلد کی بیماریوں کا باعث بنتی ہے

اب

گرد کو جسم میں داخلے سے بچاؤ کے لیے اچھی قسم کا ماسک استعمال کریں۔ آنکھوں کی حفاظت کے لیے مناسب گوگل استعمال کریں۔

وائرنگ

پہلے

خراب وائرنگ خطرناک حادثات کا باعث بن سکتی ہے۔

وائرنگ

اب

وائرنگ کو مناسب طریقے سے کرنے سے حادثات سے بچا جا سکتا ہے۔

لائٹنگ

پہلے

کام کے دوران کم یا نامناسب روشنی کی وجہ سے آنکھوں اور پٹھوں پر برا اثر پڑتا ہے جو کہ تھکاوٹ، چڑچڑا پن پیدا کرتا ہے اور بینائی بھی متاثر ہوسکتی ہے۔

لائٹنگ

اب

کام کے دوران لائٹنگ کافی اور مناسب زاویے پر ہوتی ہے۔تمام روشنیوں کو صاف ستھرا رکھیں ان کی دیکھ بھال کریں زیادہ سے زیادہ قدرتی روشنی کا استعمال کریں۔

پہلے

بوسیدہ دیواریں، نامناسب روشنی اور خراب وائرنگ خطرات اور حادثات کا باعث بن سکتی ہیں۔

اب

کام کے کمرے میں مناسب روشنی، رنگ و روغن اور اچھی وائرنگ پیداوار میں اضافے اور حادثات سے بچنے میں معاون ہوتے ہیں۔

الیکٹروپالشنگ

پہلے

الیکٹروپالشنگ کے دوران خراب وائرنگ خطرناک حادثات کا باعث بن سکتی ہے علاوہ ازیں خطرناک کیمیکل جسم پر لگنے سے زخم ہو سکتے ہیں۔

الیکٹروپالشنگ

اب

الیکٹروپالشنگ کی ورکشاپ میں وائرنگ اچھی اور محفوظ ہونی چاہئے۔